اَنْوَاعُ الْأَفْعَالِ (فعل کی اقسام)

Types of Verbs

عربی گرائمر میں کام کے لحاظ سے فعل کی دو بنیادی اقسام ہیں۔ In Arabic grammar according to work there are two basic kinds of verb.

الفِعْلُ
Verb

الفِعْلُ اللَّازِمُ — Intransitive

الفِعْلُ المتعدِّي — Transitive

الفِعْلُ اللَّازِمُ

Intransitive

فعل لازم سے مراد وہ فعل ہے، جو صرف فاعل سے مل کر بات پوری کرلیتا ہے اور جملہ مکمل ہو جاتا ہے۔

Fail laazim(intransitive verb) is the one which is complete with the doer of the action, the subject. The statement is complete.

جَلَسَ حَامِدٌ (حامد بیٹھا)	ذَهَبَ يَاسِرٌ (یاسر گیا)
Hamid sat.	Yasir went.

الفِعْلُ المتعدِّي

Transitive

فعل متعدی وہ فعل ہے، جو صرف فاعل سے مل کر جملہ مکمل نہیں کر پاتا سے جملہ پورا کرنے کے لیے ایک اور منصوب اسم کی ضرورت پڑتی ہے۔ جسے مَفْعُوْلٌ بِهٖ کہتے ہیں۔

Fail mutaddi (Transitive verb) is one which requires both the doer of the action and a *mansoob* noun (an object) to complete the statement.

 © copy rights reserved

خَلَقَ اللّٰهُ الْإِنْسَانَ	اللہ نے انسان کو پیدا کیا	Allah created human beings.
شَرِبَ الرَّجُلُ الماءَ	آدمی نے پانی پیا	The man drank the water.
ضَرَبَ حَامِدٌ خَالِدًا	حامد نے خالد کو مارا	Hamid beat Khalid.

الجُمْلَةُ الفِعلِیّۃ کی ترتیب

Format of the verbal sentence

فعل	+	فَاعِل	+	مَفْعُوْل بِهٖ
کام	+	کام کرنے والا	+	جس پر کام واقع ہوا ہو
Verb	+	Doer	+	Object

مَفْعُوْل بِهٖ

The Object

- مَفْعُوْل بِهٖ: وہ منصوب اسم ہے، جس پر فعل واقع ہوتا ہے۔ یعنی جس اسم پر فاعل کے کام کا اثر ہوتا ہے۔

Object is the accusative noun on which the action of the doer takes place.

- مَفْعُوْل کبھی اسم ظاہر ہوتا ہے اور کبھی اسم ضمیر بھی ہو سکتا ہے۔

Object can be a noun or a pronoun.

- جو ضمیر مَفْعُوْل بِهٖ بن کر آتی ہے۔ اسے ضمیر منصوب متّصل کہتے ہیں۔ یہ متصل ضمیر فعل کے ساتھ جڑ کر آتی ہے۔

The pronoun which comes as an object is called *Zameer Mansoob Muttasil.* It comes attached to *Fail* (verb).

- ایک جملے میں ایک سے زیادہ مَفْعُوْل ہو سکتے ہیں۔

There can be more than one object in one sentence.

- بعض اوقات جملہ فعلیہ میں فعل کے بعد مَفْعُوْل بِهٖ پہلے اور فاعل بعد میں آتا ہے۔

Sometime, in a verbal sentence after the verb, object come prior to subject.

- فاعل اور مَفْعُوْل بِهٖ ہمیشہ اسم ہوتے ہیں۔

Both subject and object are always noun.

- مَفْعُوْل بِهٖ ہمیشہ منصوب ہوتا ہے۔ خواہ اسم ظاہر ہو یا اسم ضمیر ہو۔

The object is always accusative, whether it is a noun or a pronoun.

© copy rights reserved

فعل متعدی کی پہچان:

فعل ماضی متعدی کو پہچاننے کے لیے کچھ نشانیاں ہیں۔ A transitive verb can be recognized through some signs.

فعل ماضی متعدی کے اردو ترجمے میں عام طور پر (نے) لفظ کا استعمال ہوتا ہے۔

Usually the word " **Nay** " is used in the Urdu translation of transitive verb.

(اُس نے مارا، میں نے کھایا، ہم نے پڑھا)

ایک اور پہچان ہے کہ اگر کسی فعل کے لیے آپ کے ذہن میں دو سوال پیدا ہوں (کیا؟) یا (کس کو؟) اور اگر ان سوالات کا جواب دینا ممکن ہو تو وہ فعل متعدی ہو گا

The other sign is that if two questions arise in our mind about a verb, " **what ?** " and " **whom ?** " and only the answers to these questions complete the sense, then the verb is transitive.

مَفْعُول بِهِ أَمْثَالُ الْقرآن

﴿وَعَلَّمَ آدَمَ الْأَسْمَاءَ﴾ [2:31]

اور اللہ نے آدم (علیہ السلام) کو تمام (اشیاء کے) نام سکھادیئے

And He taught Adam the names.

﴿وَإِذْ آتَيْنَا مُوسَى الْكِتَابَ وَالْفُرْقَانَ﴾ [2:53]

اور جب ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو کتاب اور حق و باطل میں فرق کرنے والا

And [recall] when We gave Moses the Scripture and criterion.

﴿وَإِذِ ابْتَلَى إِبْرَاهِيمَ رَبُّهُ﴾ [2:124]

اور جب ابراہیم (علیہ السلام) کو ان کے رب نے آزمایا

And [mention, O Muhammad], when Abraham was tried by his Lord.

 © copy rights reserved